نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون:0300-501-2640

26 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

021/2011

"ہمیں یقیناً آپ پر بھروسہ ہے"

امریکی سفیر اور اُن کی اہلیہ کی پاکستان کے یونیورسٹی طالبعلموں کے ساتھ ٹیلی ویژن پر گفتگو

اسلام آباد (26 جنوری 2011ء)___ امریکی سفیر کیمرون منٹر اور اُن کی اہلیہ ڈاکٹر میریلین وائیٹ نے منگل کے روز پاکستان کے پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے 29 یونیورسٹی طالبعلموں کے ساتھ امریکہ کے پاکستان اور اس کے پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات، دہشتگردی کے خلاف جنگ اور امریکہ کی جانب سے ملنے والی غیر فوجی اعانت جیسے موضوعات پر کُھل کر گفتگو کی۔ یہ گفتگو ایک اجتماع کی شکل میں تھی جو جمعرات کی شب اور پھر جمعہ کے روز دوبارہ پی ٹی وی پر نشر کی جائے گی۔

شرکاء ان 14 سو طالب علموں میں شامل ہیں جنہوں نے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر جاری پروگرام کے تحت یونیورسٹی کی سطح پر وظائف حاصل کئے ہیں، جن کا اہتمام ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے کیا تھا۔

ایک طالب علم نے امریکی سفیر کو بتایا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شمولیت کے بعد سے اب تک پاکستان اپنے ہزاروں لوگوں کی جانیں، اپنا سکون وچین اور قومی تشخص گنوا چکا ہے، طالب علم نے سوال کیا کہ آیا امریکی امداد ''ہمارے نقصانات کی تلافی کرنے کیلئے واقعتاً کافی ہے؟''

سفیر منٹر نے کہا کہ ''یہ ایک مشکل مگر اچھا سوال ہے۔ بیرونی دنیا سے تعلق رکھنے والے لوگ آپ کے ملک میں موجود ہیں اور پاکستان کی شہرہ آفاق مہمان نوازی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے معصوم لوگوں پر حملے کر رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ جنگ ختم ہو اور میں جانتا ہوں کہ آپ بھی ایسا ہی چاہتے ہیں۔''

ڈاکٹر وائیٹ نے پاکستان میں آویزش اور سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں کی تعمیر نو کے لیے چند امریکی کوششوں کا خاکہ پیش کیا جس میں ملاکنڈ میں اسکولوں کی تعمیر نو اور فراہمی آب کے نظاموں کے لیے 36 ملین ڈالر، جنوبی وزیرستان میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے 55 ملین ڈالر اور سیلاب کے بعد زراعت کی بحالی کیلئے 62 ملین ڈالر کے منصوبے شامل ہیں۔

ڈاکٹر وائیٹ نے طالب علموں سے ان کی امیدوں اور خوابوں کے بارے میں سوالات کئے۔ متعدد طالبات نے کہا کہ وہ چاہتی ہیں کہ ان کی ذاتی اور پیشہ وارانہ زندگی میں ایک توازن ہو۔ اگر وہ خوشگوار گھریلو زندگی چاہتی ہیں تو ان کے بعض پیشہ وارانہ عزائم بھی ہیں جیسا کہ انسانی وسائل کا اسپیشلسٹ یا ماہر لسانیات بننا۔ دریں اثناء کئی نوجوانوں نے اپنا ذاتی کاروبار کرنے یا پھر سرکاری اداروں کی صلاحیتوں کو بہتر کرنے میں مدد دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔

گفتگو کے اختتام پر سفیر منٹر نے کہا کہ ''ہم آپ پر یقیناً بھروسہ کرتے ہیں کیونکہ آپ میں ایسا کرنے کی توانائی ہے اور لگن بھی۔ اور اگر ہم مل جل کر ان مواقع کو بروئے کار لا سکیں تو یقیناً ایک شاندار مستقبل ہمارا منتظر ہے۔''

یہ گفتگو پہلے 27 جنوری بروز جمعرات شام آٹھ بج کر پانچ منٹ پر پی ٹی وی پر دکھائی جائے گی اور نشر مکرر کے طور پر جمعہ کے روز سہ پہر ایک بج کر پانچ منٹ پر پیش کی جائے گی۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔